بیٹے کے مقتل کو آکر سجالو فاطمة

بیٹے کے مقتل کو آکر سجالو فاطمة
صحرا کي جلتي ریت ھے فرش بیچھالو فاطمة
ماں فاطمة ماں فاطمة ماں فاطمة ماں فاطمة

اِک عمر تک جِسکو نازو سے تو پالے
تیروتبر اُسکو پتّھر کوئي مارے
بیٹے کو دامن میں اپنے چھپالو فاطمة

اَمّاں کہاں تیري آغوش کي نرمي
اور کہاں تپتے صحراء کي یہ گرمي
گھوڑے سے گِرتا ہوں مجھکو سنبھالو فاطمة

ھیں دُور یثرِب سے غربت میں تنہا ہوں
بیٹے برادر کي فُرقة میں روتا ہوں
اپنے کلیجے سے آکر لگالو فاطمة

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاّ نذرعلي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

سر رکھ کے مادر کي قبرِ مُطّھر پر
وقتِ وداع ماں سے کہتے تھے یوں سرور
اب ھیں سفر اٰخِر توشه بنڈھالو فاطمة

جو اٰخري روٹي تونے کِھلائي تھي
کیا صبر کي قُوّت اُس میں سمائي تھي
اِشفاق کے لُقمیں اٰخِر کِھیلالو فاطمة

بالو سے جھاڑا اٰپنے مقتل کو بیٹے کا
سر کھولے قتل گاہ میں اٰجائے نہ بہنا
زینب کو مقتل سے اٰکر ھٹالو فاطمة

سجده بجانے کي بھي اب طاقة نهیں تن میں
وقتِ مدد امّاں اِس ظُلم کے بَن میں
نانا علي بھائي حسن کو تم بُلالو فاطمة

اب اٰخري سجده میرا اداء ھوگا
خنجر سے سر میرا تن سے جُدا ھوگا
سر میرا زانو پر اٰؤ اُٹھالو فاطمة

هيں فاطمي داعي بُرهانِ ديں سرور
شبّير كا غم هيں جِسكے سبب گهر گهر
شبّير كا جَلوه اِن ميں دِكهالو فاطمة

بُرهانِ ديں مولىٰ وه دن بهي دِكهلائے
زهراء كي تُربة پر ضريح بنوائے
غم خوارو كو اپنے بُشرا سُنالو فاطمة

لحجائے زهراء ميں اِك آه كا نعره
ديتے هيں جب شاكر بُرهانِ ديں مولىٰ
قُدسِيان كهتے هيں محشر اُٹهالو فاطمة

*****